سوال

میری پرورش نصرانی معاشرہ میں ہوئی ہے اوراسلام کو پڑھنے کے بعد اسلام قبول کیا ہے ، قبول اسلام سے قبل میں نے ایک گنہگار اورنافرمان شخص کواپنے سے کھیلنے کی اجازت دی تھی ، لیکن اس کے بعد میں نے اس سے توبہ کرلی ہے اورمیں نے اسے اپنے ساتھ لگنے یا پھر غیر مناسب کلام کرنے کی بھی اجازت نہیں دی اوراب وہ بھی اس سے توبہ کرچکا ہے ۔ اس کے گھر والے اسلام سمجھنے اورقرآن کریم کا ترجمہ پڑھنے میں میری معاونت کررہے ہیں ، اس شخص نے مجھ سے شادی کرنے کا کہا ہے لیکن اس کے گھر والے کہتے ہیں کہ تعلیم مکمل کرنے تک انتظار کرو ، توکیا ہمیں منگنی اس کی گریجویشن مکمل ہونے تک مؤخر کردیں یا کہ اسی حالت میں منگنی کرلینی چاہیے ؟ میرے علم میں ہے کہ افضل اوربہتر تو یہی ہے کہ ہم شادی کرلیں تا کہ دوبارہ گناہ میں نہ پڑیں ، اگرچہ ہم ایک دوسرے کو نہ بھی دیکھیں مجھے خدشہ ہے کہ کہیں حرام کام میں نہ پڑ جاؤں کیونکہ شیطان ہمارے ذھنوں میں یہ کام مزین کرکے رکھ دے گا ۔ میں اس مسلمان گھرانے کا احترام بھی کرتی ہوں کیونکہ یہی ایک مسلمان گھرانہ ہے جسے میں جانتی ہوں ، میری آپ سے گزارش ہے کہ آپ میرا تعاون کریں میں حرام کام میں نہیں پڑنا چاہتی ۔

جواب

الحمد للہ

اس اللہ رب العزت کی تعریف اورشکر ہے جس نے آپ کو دین اسلام قبول کرنے کی توفیق عطا فرمائی ، اورآپ پر یہ عظیم نعمت کی ہم اللہ تعالی سے آپ کی ثابت قدمی کے لیے دعا گو ہیں ، آپ پر یہ بھی اللہ تعالی کی نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے کہ اسلام سے پہلے جو بھی گناہ ہیں وہ اسلام قبول کرنے کے بعد معاف ہوجاتے ہیں اوراسلام انہیں ختم کردیتا ہے ، ہم اللہ تعالی سے دعا گو ہیں کہ وہ آپ اورہر توبہ کرنے والے کی توبہ قبول فرمائے ۔

منگنی اورشادی کے بارہ میں ہماری آپ اوراس نوجوان کو یہی نصیحت ہے کہ جتنی جلدی ممکن ہوسکے آپ شادی کرلیں اورخاص کرجب آپ کو حرام میں پڑنے کا خدشہ ہے ، تو اس حالت میں توشادی تعلیم پر بھی مقدم ہوگی ، اورپھر جب آپ دونوں کی رغبت بھی یہی ہے ، اس لیے نوجوان کو چاہیے کہ وہ اپنے گھر والوں کو اس پر راضی کرنے کی کوشش کرے ۔

اورانہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان یاد دلائے :

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نوجوانوں کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا :

(اے نوجوانوں کی جماعت تم میں سے جو بھی شادی کرنے کی استطاعت رکھتا ہو اسے چاہیے کہ وہ شادی کرے ، اس لیے کہ وہ آنکھوں کو نیچا کرتی ہے اور شرمگاہ کی محافظ ہے ، اور جس میں شادی کرنے کی طاقت نہیں اسے روزے رکھنے چاہییں کیونکہ روزے اس کے لیے ڈھال ہیں) ۔ صحیح بخاری حدیث نمبر (5065) صحیح مسلم حدیث نمبر (1400) ۔

اوروہ اپنے گھر والوں کو یہ بھی یاد دلائے کہ اس وقت فتنہ بہت زیادہ ہے جس کی وجہ سے مسلمان پر واجب ہے کہ وہ ہر شرعی وسیلہ استعمال کرتے ہوئے ان فتنوں سے بچنے کی کوشش کرے ، اوراس میں کوئی شک نہیں کہ ان فتنوں سے بچنے کے لیے مشروع وسائل میں سے سب سے افضل ترین وسیلہ شادی ہی ہے ، بلکہ علماء کرام نے تو بالنص یہ کہا ہے کہ ایسی حالت میں شادی کرنا واجب ہوجاتی ہے ۔ دیکھیں : المغنی لابن قدامہ (9/341) ۔

اوراس کے لیے یہ بھی کافی ہے کہ ابھی آپ شرعی طور پر جس میں پوری شرعی شروط اورگواہوں کی موجودگی میں عقد نکاح پر ہی اکتفاء کرلیں اوررخصتی اورولیمہ کو مؤخر کرلیں ، اس لیے کہ عقد نکاح کی بنا پر آپ دونوں خاوند اور بیوی بن جائیں گے جس سے آپ کے لیے خلوت وغیرہ جائز ہوگی ۔

اگرایسا ہوجائے تو یہ بہتر ہے ، اوراگر پھر بھی اس کے گھر والے انکار پر مصر ہوں اوراس نوجوان کو حرام کام میں پڑنے کا خدشہ ہو تو اس پر واجب ہے کہ اس میں اگر اتنی استطاعت ہو تو اس پر شادی کرنا واجب ہے چاہے اس میں وہ اپنے والدین کی اجازت نہ بھی حاصل کرے ، اوراسے اپنے گھر والوں کو حتی الوسع اس شادی پر راضی کرنے کو کوشش کرنی چاہیے ، لیکن اگر وہ ایسا کرنے سے عاجز ہو تو پھر یا تو آپ صبر کرتے ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی وصیت پر عمل کرتے ہوئے اس سے معاونت حاصل کریں اورروزے رکھیں ۔

اورفتنے اورشھوات والی اشیاء سے اجتناب کرتے ہوئے دور رہیں ، حتی کہ اللہ تعالی آپ دونوں کو بھلائی اورخیر پر جمع کردے ، اوراگر ایسا نہیں کرسکتیں تو پھر آپ کے شرعی ولی پر ضروری ہے کہ وہ کوئی اورنیک اورصالح شخص تلاش کرکے آپ کی شادی کردے تاکہ آپ حرام کام میں پڑنے سے بچیں ۔

یہاں پر ایک تنبیہ کرنا ضروری ہے کہ جب تمہاری شرعی طور پر منگنی ہوچکی ہو تو اس وجہ سے آپ دونوں کا آپس میں خلوت میں بیٹھنا یا ایک دوسرے سے لمس کرنا اوراکٹھے گھومنے کے لیے نکلنا یا پھر بغیر کسی ضرورت کے بات چیت کرنا جائز نہیں کیونکہ آپ کا عقد نکاح نہیں ہوا اورایک دوسرے سے اجنبی ہیں لیکن جب نکاح ہوجائے پھر آپ ایک دوسرے کے لیے اجنبی نہیں چاہے رخصتی نہ بھی ہوئی ہو ۔

آپ عقد نکاح کی شروط دیکھنے کے لیے سوال نمبر (2127) کے جواب کا مطالعہ کریں ۔

ہم اللہ تعالی سے دعا گو ہیں کہ وہ آپ کے لیے بھلائی اورخیر میں آسانی پیدا فرمائے اورآپ دونوں سے برائی اورفحاشی کو دور رکھے ، آمین ۔

واللہ اعلم .

اسلام سوال وجواب

14090